# سٹریٹیجک فریم ورک

## Social Cohesion Guide

## Aotearoa نیوزی لینڈ میں social cohesion

یہ دستاویز ان نتائج یا نتائج کی طرف پیش رفت کی پیمائش کرنے کا ایک طریقہ فراہم کرتی ہے جو ہم Aotearoa نیوزی لینڈ میں social cohesion کے حوالے سے دیکھنا چاہتے ہیں۔ social cohesion کے ان نتائج پر پیشرفت سے ہم اپنے اس اہم مقصد یا تصور سے قریب تر ہو جائیں گے جس میں ہم ایک ایسا Aotearoa نیوزی لینڈ چاہتے ہیں جہاں "لوگ، خاندان، whānau اور کمیونٹیاں مل جل کر پھل پھول رہی ہیں"۔

ہم جو کام کر رہے ہیں اس کا مندرجہ ذیل پانچ نتائج کے بیانیوں کے ذریعے جائزہ لیں گے تو ہمیں معلوم ہوگا کہ آیا ہم social cohesion پر اچھی پیش رفت کر رہے ہیں یا نہیں:

1. لوگ، whānau اور کمیونٹیاں ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں اور ایک دوسرے سے اپنائیت محسوس کرتے ہیں
2. لوگ، whānau اور کمیونٹیاں شرکت کے لئے رضامند ہیں اور اس کی قابلیت رکھتے ہیں
3. لوگ، whānau اور کمیونٹیاں معاملات میں شامل ہیں اور انہیں برابری کا تجربہ رہا ہے
4. لوگوں، whānau اور کمیونٹیوں کی انفرادیت کو تسلیم کیا جاتا ہے اور وہ دوسروں کا احترام کرتے ہیں
5. لوگ، whānau اور کمیونٹیاں ایک دوسرے پر اور سرکاری اداروں پر بھروسہ کرتے ہیں۔

ہمارا مقصد یہ ہے کہ ہم اپنے کیے جانے والے کام کے حوالے سے ان میں سے ہر بیانیے کا مثبت جواب فراہم کر سکیں۔ ان جوابات کی پختگی سے ہمارے بنیادی تصور (یعنی "لوگ، خاندان، whānau اور کمیونٹیاں مل کر پھل پھول رہی ہیں") کی طرف پیش رفت کی پیمائش کرنے میں مدد ملے گی۔

ہم لوگوں کی رہائش، کام، کھیل کود اور تعلیم کی جگہوں کو زیادہ محفوظ، جامع اور معاون بنا کر بھی اپنے social cohesion کے تصور کی طرف پیش رفت کریں گے۔ اس میں ہمارے معاشرے میں نظام اور خدمات کو زیادہ منصفانہ بنانے اور مختلف ضروریات اور مسائل کے حوالے سے اقدامات اٹھانے کی اہلیت کے لئے کام کرنا شامل ہے۔

کامیابی کے لئے منصوبہ بندی اور نظم وضبط اہم ہے، یہی وجہ ہے کہ ہم اپنے social cohesion کے کام یا اقدامات کو چھ اہم شعبوں میں مرکوز کرنا چاہتے ہیں:

1. نسل، عمر، صنف، معذوری، جنسیت یا دیگر اختلافات کی وجہ سے لوگوں کے ساتھ مختلف یا امتیازی سلوک کیا جا رہا ہے
2. متنوع گروپوں کے لئے آپس میں جڑنے اور بات چیت کرنے کے مثبت مواقع
3. ووٹنگ، روزگار یا تعلیم وغیرہ جیسی اہم سرگرمیوں میں شرکت

4. فلاح و بہبود اور فلاح و بہبود میں رکاوٹیں

5. معاملات میں شمولیت اور مشترکہ اقدار

6. آنے والی نسلوں کے لئے اپنے معاشرے اور ماحول کا تحفظ۔۔

ہم یہ بھی چاہتے ہیں کہ ان چھ شعبوں میں سے ہر ایک شعبے میں ہمارے social cohesion سے متعلقہ کام یا اقدامات کو چار اصولوں سے رہنمائی حاصل ہو۔

1. بہادر قیادت اور نئی چیزیں آزمانے پر آمادگی

2. قیادت کا کمیونٹیوں کی امنگوں اور ضروریات کے تابع ہونا

3. لچک کا مظاہرہ کرنا اور لوگوں کے اختلافات کو تسلیم کرنا

4. جامع ڈیٹا اور تحقیق جو حقیقی ضروریات کی بہتر عکاسی کرتی ہو

ہمارے کام یا اقدامات Te Tiriti o Waitangi کے زیرِ رہنمائی بھی ہونے چاہئیں جو Aotearoa نیوزی لینڈ میں social cohesion کو طاقتور بنانے کے لئے ایک مضبوط بنیاد فراہم کرتی ہے۔

Te Tiriti o Waitangi کی تعظیم سے ہمیں کمیونٹیوں کے ساتھ اعتماد قائم کرنے میں مدد ملے گی تاکہ ہم برابری پر مبنی اور منصفانہ نتائج کے حصول کے لئے مل کر کام کر سکیں، بالخصوص چھ توجہ طلب شعبوں میں۔

مجموعی طور پر یہ دستاویز اس حکمت عملی کی وضاحت کرتی ہے جو Aotearoa نیوزی لینڈ میں social cohesion پر ہمارے کام کی رہنمائی کرے گی۔

Te Korowai Whetū
Social Cohesion